وسائل النجاة

خانقاہِ سلطانیہ

گلشنِ عظیم۔ جہلم

دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی ﷺ المختار

کا

پنجابی منظوم ترجمہ

الموسوم

وسائل النجاۃ

ناظم: مجمع بحور حقیقت ومعرفت قطبِ دوراں ابو عبداللہ حسین بن علی الحسینی معروف بہ

حضرت پیر سید محمد نیک عالم کاظمی مجددی قدس اللہ سرہٗ

خانقاہِ سلطانیہ

گلشنِ عظیم۔ جہلم

اَلْجَنَّةُ وَنَعِيمُهَا سَعْدٌ لِمَنْ يُّصَلِّي وَيُسَلِّمُ وَيُبَارِكُ عَلَيْهِ

جنت اور اس کی نعمتیں اس شخص کو مبارک جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم
پر درود و سلام اور برکت بھیجتا ہے

خانقاہِ سلطانیہ

گلشنِ عظیم۔ جہلم۔ پاکستان۔



ارمغانِ تہنیتِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ ۱۴۳۷ھ

عُبیدُ المُصطفیٰ ---------------------------------

نام کتاب	دَلَائِلُ الْخَيْرَاتِ وَشَوَارِقُ الْاَنْوَارِ فِيْ ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ
نام مولف	علامہ امام ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی سہلالی شاذلی مالکی رحمۃ اللہ علیہ
نام ترجمہ منظوم	وَسائِلُ النَّجاۃ
نام ناظم	مجمع بحورِ حقیقت و معرفت قطب دوراں حضرت پیر سید محمد نیک عالم کاظمی مجددی قدّس اللہ سرّہٗ
ناشر	خانقاہِ سلطانیہ، گلشن عظیم، جہلم
حروف سازو تصحیح	مظہر علم لیب
سالِ اشاعت	۲۰۱۶ بمطابق ۱۴۳۷ھ
کتاب ساز	سلطانیہ پبلی کیشنز، جہلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اوہ ہی اللہ یو جاجی کا جسے باہجوں ناہیں

اوہ رحمٰن رحیم ملکؔ ہی پاکی وسدا تائیں

اوہ سلام اساڈا مؤمن ہو مہیمن یارا

اوہ عزیز جبار قدیمی حسیدا کبریا زا

اوہ متکبر خالق باری ہور مصوّر الٰہی

اوہ غفّار قہار خلقدا اوہ وہاب سنجالی

رازق تی فتاح ہمیشہ اوہ علیم تعالیٰ

قابض باسط خافض رافع عزت دیون والا

جسنوں تنہاں چاہی ذلت دیوی اوہ سمیع وبکھیندا

حکم عدل تی لطفاں والا سارے جبر رکھیندا

قلمی نسخہ کا عکس مخزونہ خانقاہ سلطانیہ گلشن عظیم جھنگ

ایہہ دعا ترجیع مع التجائی

لوکاں دی وچہ تنگ پیا ہاں ہادی بنی اساڈی
جو جا آس تیری تے رکھاں توہیں لایو پردا
دُکھ اساڈے خالق تائیں آکھیں دور ونجاوے
اوسے تائیں سوکھ اساڈا نہ ہوناں تھیں سردا

وعلیہم ختم بالخیر بدرگاہ رب جناب حضرت حق جلت عظمتہ

برکت نال درود نبی دی یا رب مالک سائیں
کھولیں سینہ ساڈا نالی سوکھی کم بنائیں
کر کے دور غماں نوں سائیاں سانوں خوشی وکھائیں
بخشیں پاپ قرض نوں لاہیں چنگی حال کرائیں
اس پچھائیں توبہ منیں سب گناہ دھوائیں
یاری دیویں جیہبہ اساڈی سائیاں پاک کرائیں
وحشت دور رکھائیں سائیں غربت دور ونجائیں
اسیں کنگال بیچارے عاجز توں صفا ندا سائیں
لگی پچھی سبھی کھی نالی ہٹہ اوتائیں
وچہ حیات ممات اساڈے حشر نشر وچہ سائیں

قلمی نسخہ کا عکس مخزونہ خانقاہ سلطانیہ گلشن عظیم جہلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقدیم

استاذ العلماء مولانا مفتی محمد علیم الدین مجددی زید مجدہ

امام العلماء العارفین حضرت پیر نیک عالم شاہ قدس سرہ العزیز، حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کی اولادِ اطہار سے تھے، والد ماجد کا نام سید دیوان علی شاہ اور والدہ ماجدہ کا اسمِ گرامی سجادہ بیگم تھا رحمۃ اللہ علیہما۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پردادا حضرت سید قاسم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے آبائی گاؤں پھلڑے سیداں تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم سے نقل مکانی کر کے گوڑہ سیداں نزد میر پور میں رہائش اختیار کر لی، یہ گاؤں اب منگلا ڈیم کی وجہ سے زیرِ آب ہے، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ اسی گاؤں میں ۱۲۷۹ھ یا ۱۲۸۰ھ کو پیدا ہوئے۔

..................☆☆☆..................

قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ خاندانی رواج کے مطابق آپ نے اوائل عمر ہی میں درسی علوم کے حصول کی طرف توجہ فرمائی تھی، مرورِ زمانہ اور اَخلاف کی عدمِ توجہ کے باعث تفصیلات دستیاب نہیں، بچے کھچے تحریری مواد سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ موضع کدلٹھی ضلع چکوال میں ۱۳۰۰ھ، ۱۳۰۶ھ، اور ۱۳۰۷ھ میں آپ بغرضِ استفادہ مقیم تھے اور ۱۳۰۸ھ اور ۱۳۱۰ھ میں آپ صدر پشاور کی مسجد میں حصولِ علم کے لئے قیام پذیر تھے، تعجب خیز اور قابلِ توجہ یہ حقیقت ہے کہ ۹ جمادی الثانیہ ۱۳۰۵ھ کو آپ کے پیر و مرشد شیخ المشائخ حضرت خواجہ حاجی محمد بفوی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو خلافت عطاء فرمادی تھی، اس کے بعد بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ کا حصولِ علم میں مصروف رہنا آپ کی علمی لگن اور شوق کا واضح ثبوت ہے جو طریقت اور حصولِ علم کی تاریخ کا ایک منفرد واقعہ ہے۔

..................☆☆☆..................

آپ کا تعلیمی دور انتہائی مصروفیت کا زمانہ تھا، آپ سبق پڑھتے، ان کا تکرار فرماتے، طریقت کے اَوراد پورے کرتے، ان کے علاوہ آپ مختلف علوم کی کتابوں کو نقل فرماتے، شاعری کا مشغلہ اس پر مستزاد تھا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے

تقدیم

جن اساتذہ سے علم حاصل فرمایاان میں صرف دو کے نام محفوظ ہیں جو ذیل میں درج ہیں:۔

۱...... حضرت مولانا غلام محمد ساکن کدلتھی ضلع چکوال رحمۃ اللہ علیہ، آپ حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید اور خلیفہ تھے، ایک سو سال سے زائد عمر پا کر ۲۵ رصفر ۱۳۱۴ھ جمعرات کے دن واصل بحق ہوئے، آپ کا مزار کدلتھی میں ہی ہے، تین صاحب زادگان اپنی یادگار چھوڑے جو علم وصلاح سے آراستہ اور اَرباب زہد وتقوی تھے۔

۲...... حضرت قاضی سلطان محمود اعوان شریف رحمۃ اللہ علیہ، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے کچھ اسباق ان سے بھی پڑھے تھے، آپ حضرت قاضی سلطان محمود رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ ولادت ۱۲۵۶ھ/۱۸۴۰ء ہے۔ متعدد مقامات پر حصولِ علم کے لئے سفر فرمایا، کدلتھی کے مولانا غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے بھی استفادہ کیا، تحصیلِ علم سے فراغت کے بعد والی سوات حضرت خواجہ اخوند عبدالغفور رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں سیدو شریف حاضر ہو کر بیعت ہوئے، اور خلافت سے سرفراز ہوئے، متعدد مزاراتِ مبارکہ سے بھی فیض حاصل کیا، یکم رمضان المبارک ۱۳۳۷ھ/۲ رمئی ۱۹۱۹ء بروز جمعہ وصال فرمایا، حیدر آباد دَکّن کے نواب معشوق یار جنگ نے مقاماتِ محمود کے نام سے آپ کی سوانح حیات لکھی، جو کہ مطبوع ہے، اسی مصنف نے آپ کے حالات پر مفصل کتاب بھی لکھی جو تاہنوز غیر مطبوع ہے۔

☆☆☆

حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے طریقت میں جن شیوخ سے فیض حاصل کیا ان میں چار کے نام تاحال معلوم ہو سکے ہیں:۔

۱...... حضرت مخدوم غلام محمد چشتی ساکن کدلتھی رحمۃ اللہ علیہ آپ نے دینی درسی علوم کی کتابیں بھی آپ سے پڑھیں، سلسلہ چشتیہ نظامیہ کے اسباق آپ سے حاصل کئے اور شاید خلافت بھی۔

۲...... حضرت شیخ المشائخ شاہ ابوالخیر عبداللہ بن حضرت خواجہ محمد عمر دہلوی رحمۃ اللہ علیہما،

آپ حضرت پیر صاحب کے طہارت وتقوی، خدمت اور جانثاری سے اس قدر خوش تھے کہ آپ نے اپنی بیٹی کرامت النساء ان کے نکاح میں دے دی اور انہیں اپنا جانشین نامزد فرما دیا، لیکن حضرت شاہ ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے دیگر افراد کو یہ نکاح اور آپ کا جانشین ہونا پسند نہ تھا، جس کی بدولت حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا دہلی میں رہنا ممکن نہ رہا، آپ نے اپنے شیخ محترم کو اعتماد میں لے کر اپنی منکوحہ کو حبالہءعقد سے آزاد کر دیا اور خود وہاں سے کوچ کر گئے اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد کے مطابق بفہ شریف ضلع ہزارہ میں حضرت حاجی محمد بفوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں آ گئے۔

تقدیم

۳...... **حضرت شیخ المشائخ خواجہ حاجی محمد بفوی رحمۃ اللہ علیہ**، آپ حضرت شاہ ابوالخیر رحمۃ اللہ کے والد ماجد حضرت شاہ محمد عمر قدس سرہ کے مرید و خلیفہ تھے، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے سلوک کی بقیہ منازل آپ کی تربیت میں رہ کر طے فرمائیں، حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ۹ جمادی الثانیہ ۱۳۰۵ھ منگل کے دن آپ کو زبانی خلافت سے نوازا جب کہ تحریری خلافت نامہ اس کے کچھ عرصہ بعد ۷/رجب المرجب ۱۳۰۶ھ کو عطاء فرمایا۔

۴...... **شیخ المشائخ حضرت خواجہ مولانا محمد رحمۃ اللہ علیہ**، آپ حضرت شیخ احمد تارابلی رحمۃ اللہ علیہ کے داماد اور خلیفہ تھے، جو حضرت شاہ ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ قدس سرہ نے ۲۰ محرم الحرام ۱۳۰۹ھ کو ان سے سلسلہ کبرویہ کے اسباق کا آغاز فرمایا، تین سال کے مختصر عرصہ میں آپ نے پہلے سلسلہ کبرویہ کا سلوک آپ کی زیرِ نگرانی طے فرمایا اور پھر سلسلہ سہروردیہ، سلسلہ قادریہ اور سلسلہ چشتیہ کا سلوک طے فرما کر ۵ ربیع الاول ۱۳۱۲ھ بروز چہار شنبہ بعد نمازِ ظہر ان تمام سلاسلِ طریقت کا تحریری خلافت نامہ حاصل فرمایا۔

..................☆☆☆..................

حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ نے بہت مختصر یعنی ۳۹ یا ۴۰ سال عمر پائی اور وہ بھی بیماریوں اور علالتوں سے پُر تھی، لیکن وہ علمی اور روحانی معرکے سرانجام دیئے جس پر طویل عمر پانے والے مشائخ کرام اور علمائے اعلام بجا طور پر رشک کر سکتے ہیں، مریدین و مسترشدین کی کثیر، روحانی تربیت یافتہ خلفاء کی خاصی تعداد اور عظیم المرتبت علمی آثار اپنے لئے باقیاتِ صالحات اور صدقہ جاریہ چھوڑ کر علم و عرفان کا یہ نور برساتا ہوا سورج ۲۳ ربیع الاول ۱۳۱۹ھ/۱۱ جولائی ۱۹۰۱ء/۲۷ ہاڑ ۱۹۵۸ بکرمی بروز جمعرات موت کی آغوش میں پہنچ کر حیاتِ جاودانی پا گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ آپ کے محبوب مرید و خلیفہ مولانا محمد عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی، گوڑہ سیداں کے قبرستان میں اپنی قبر کے لئے منتخب مقام پر آپ کو سپردِ خاک کر دیا گیا، منگلا ڈیم کی تعمیر پر آپ کا مزار شریف زیرِ آب آنے کا خدشہ تھا، اس لئے پیر طریقت حضرت مولانا محمد فاضل سجادہ نشین ڈھانگری شریف رحمۃ اللہ علیہ نے آپ اور آپ کے برادرِ خورد حضرت سید رکن عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے جسدِ اطہر کو موجودہ میرپور میں منتقل کرا دیا، جس پر خواجہء خواجگان حضرت خواجہء عالم حضرت شیخ محمد صادق قدس سرہ العزیز نے زرِ کثیر خرچ کر کے عالی شان گنبد تعمیر کرا دیا۔ اور ساتھ ہی وسیع رقبہ پر محیط ایک مسجد بھی بنوا دی تا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کی اشاعت و تبلیغ کی صورت برقرار رہے۔

..................☆☆☆..................

تقدیم

تاحال حضرت پیر سید محمد نیک عالم شاہ قدس سرہ العزیز کے دس خلفائے کرام کے اسمائے مبارکہ کا علم ہو چکا ہے جو ذیل میں درج ہیں:۔

۱...... حضرت پیر سید رکن عالم شاہ قدس سرہ، یہ آپ کے برادرِ خورد اور آپ کے جانشین تھے۔

۲...... حضرت خواجہ حافظ محمد حیات رحمۃ اللہ علیہ، ڈھنگروٹ شریف، آپ نے خلافتِ اولیٰ باولی شریف سے خواجہء خواجگان حضرت خواجہ محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ سے پائی تھی، جو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ زبیریہ سے تعلق رکھتے تھے، خلافتِ ثانیہ حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی۔

۳...... حضرت مولانا خواجہ سید قائم علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، آپ پونچھ مقبوضہ کشمیر کے باشندے تھے، پھر ہجرت کر کے حرمین شریفین چلے گئے، شاید وہیں وصال فرمایا۔

۴...... حضرت خواجہ سائیں فرمان علی عرف سائیں حضوری رحمۃ اللہ علیہ، یہ کلیال چک سواری آزاد کشمیر کے رہنے والے تھے، بڑے سادہ اور درویش منش تھے۔

۵...... حضرت مولانا خواجہ ظفر الدین رحمۃ اللہ علیہ، آپ آوڑہ متصل راولپنڈی کے رہنے والے تھے، پہلے روپڑ شریف سے خلافت پائی پھر حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو اپنی خلافت سے سرفراز فرمایا۔

۶...... حضرت مولانا محمد عبد اللطیف رحمۃ اللہ علیہ، آپ کے آباء واجداد پکھلی (ہزارہ) کے رہنے والے تھے، بعد میں گل پیڑہ نزد میر پور آباد ہو گئے تھے، آپ اپنے پیر طریقت حضرت سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات شریفہ کے جامع ہیں، یہ مکتوبات آپ نے دو حصوں میں جمع فرمائے۔

۷...... حضرت مولانا حافظ عظمت اللہ رحمۃ اللہ علیہ۔

۸...... حضرت صوفی ظہور الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

ان دو حضرات کے اسماء مبارکہ کا علم حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات شریفہ ہوا ہے۔

۹...... حضرت میاں جماعت رحمۃ اللہ علیہ، آپ بگھور نزد گوند کے رہنے والے تھے۔

۱۰...... محترمہ مکرمہ حضرت ہمشیرہ صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا، آپ کو حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے مستورات کو کو اللہ اللہ سکھانے اور اوراد بتانے کی اجازت آپ کے مکتوبات شریفہ سے معلوم ہوئی ہے۔

..................☆☆☆..................

تقدیم

حضرت پیر سید محمد نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ ایک باکمال اور منتہی عالم دین تھے، معقولات (منطق وفلسفہ) میں آپ کو اختصاص کا درجہ حاصل تھا، آپ بڑے زود نویس تھے، آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ذخیرہ کتب حریص لوگوں کی دستبرد اور پس ماندگان کی غفلت کے باعث ضائع ہو چکا ہے، یہ نایاب ونادر کتب نہ معلوم کہاں کہاں پہنچیں، اور کن کن قبرستانوں، ندی نالوں، کنوؤں اور دریاؤں کی خوراک بنیں، آج یہ حالت ہے کہ آپ کے مزار شریف یا سجادہ نشین حضرات کے پاس شاید آپ کی کوئی تحریر نہیں، اسی لئے آپ کی تصانیف اور منظومات کی صحیح تعداد معلوم نہیں، آپ رحمۃ اللہ علیہ کے دستیاب علمی ترکہ میں منظومات بھی ہیں اور منثورات بھی، ان کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

۱...... **مکتوبات شریف:** یہ دو حصوں پر مشتمل ہیں، اگرچہ یہ دونوں مجموعے بہت مختصر ہیں لیکن علوم وعرفانیات کا ایک عظیم جہاں اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہیں، آپ نے یہ مکتوبات اپنے طالبانِ طریقت، معتقدین، خلفاء، ہم عصر اشخاص اور رشتہ داروں کی جانب تحریر فرمائے ہیں، ان میں سے بعض کا علمی پایہ اتنا بلند ہے کہ دورِ حاضر کے شاید چند علمائے اعلام ہی ان کے سمجھنے کی اہلیت رکھتے ہیں، یہ عربی، فارسی، اردو تینوں زبانوں میں ہیں، ان کے جامع حضرت مولانا محمد عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ تھے، جو آپ کے خلفاء سے ہیں، ان دو مجموعوں کے علاوہ حضرت مولانا موصوف کے پاس آپ کے اور خطوط بھی تھے، جو آپ کے ذخیرہ کتب کے ساتھ ضائع ہو چکے ہیں، کچھ منظوم خط سی حرفیوں کے ساتھ طبع بھی ہو چکے ہیں۔ یہ دونوں حصے تا حال غیر مطبوعہ ہیں۔

۲...... **مثنوی مولانا روم:** رحمۃ اللہ علیہ کے دو ابتدائی شعروں کی شرح۔

اس شرح کا صرف دیباچہ دستیاب ہو سکا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شرح فارسی نثر میں تھی۔

۳...... **سی حرفی ہائے مبارکہ:**

آپ رحمۃ اللہ علیہ کی چھ سی حرفیاں اب تک دستیاب ہو سکی ہیں، جو متعدد مرتبہ چھپ چکی ہیں، یہ پنجابی نظم میں ہیں۔

۴...... **باراں ماہ:** باراں ماہ پنجابی زبان میں نظم کی ایک مقبول صنف ہے، شاعر اس صنف میں ہر مہینے کے تحت اس کے موسم اور مزاج کی مطابقت سے آپ بیتی، یا جگ بیتی بیان کرتا ہے، ہر ماہ کے تحت چار مصرعے یا دو شعر ہوتے ہیں، آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ابھی تک صرف ایک باراں ماہ دستیاب ہوا ہے جو متعدد بارسی حرفیوں کے ساتھ طبع ہو چکا ہے۔

۵...... **دوہڑہ جات:** یہ بھی پنجابی شاعری کی ایک صنف ہے، بعض دوہڑے دو مصرعوں اور بعض چار مصرعوں پر

مشتمل ہوتے ہیں، آپ رحمۃ اللہ علیہ کے گیارہ دوہڑے دستیاب ہیں، جن میں سے ہر ایک چار مصرعوں پر مشتمل ہے، یہ بھی طبع ہو چکے ہیں۔

۶...... **ترجمہ قصیدہ بُردہ شریف:** حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدہ بردہ شریف کا اسی بحر میں پنجابی نظم میں ترجمہ کیا ہے، یہ بھی چند مرتبہ چھپ چکا ہے۔

۷...... **ترجمہ قصیدہ بانت سعاد:** بانت سعاد حضرت کعب بن زُہَیر اسلمی رضی اللہ عنہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا معرکۃ الآراء قصیدہ ہے، جو انہوں نے اپنے ایمان لانے کے وقت بارگاہِ نبوی میں پیش کیا تھا، اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اپنی چادر مبارک بطورِ انعام عطاء فرمائی تھی، علمائے کرام کی کثیر تعداد نے اس کی شروح لکھیں، مختلف زبانوں میں اس کے تراجم نظم ونثر میں فرمائے، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی قصیدہ مبارکہ کا پنجابی نظم میں ترجمہ لکھا، جو تاحال غیر مطبوع ہے، اس کے عکس خانقاہِ سلطانیہ جہلم اور خانقاہِ فتحیہ گلہار شریف میں ہیں۔

۸...... **متفرق کلام:** حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ عربی، فارسی، اردو اور پنجابی زبانوں کے قادر الکلام شاعر تھے، ان چاروں زبانوں میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کے کچھ منظومات آپ کی نو دریافت بیاض میں پائے جاتے ہیں، یہ بیاض حضرت پیر خواجہ محمد عتیق الرحمٰن مدظلہ العالی کے کتب خانہ میں موجود ہے، جس کی ایک فوٹوسٹیٹ خانقاہ سلطانیہ جہلم میں ہے، راقم الحروف عفی عنہ نے اس متفرق کلام کو یکجا جمع کیا ہے، جو آپ کی مفصل سوانح میں شامل ہے۔

۹...... **ترجمہ دلائل الخیرات:** دلائل الخیرات عربی زبان میں مختلف درودوں کا ایک مجموعہ ہے، جس کے مؤلف حضرت شیخ محمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ ہیں، درود پاک کے اس مجموعہ کو اللہ تعالیٰ نے قبولِ عام کی نعمت سے سرفراز کر رکھا ہے، تمام سلاسلِ طریقت کے مشائخ کرام اپنے مسترشدین کو اسے ورد بنانے کی تلقین فرماتے ہیں، دنیا کی بہت سی زبانوں میں اس کی شروح اور تراجم ہو چکے ہیں، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا پنجابی نظم میں ترجمہ فرمایا ہے، جسے آپ نے ''وسائل النجات شرح دلائل الخیرات'' کا نام دیا ہے، یہ مبارک ترجمہ خانقاہ سلطانیہ جہلم کے زیرِ اہتمام زیورِ طباعت سے آراستہ ہو رہا ہے۔

..............☆☆☆..............

تقدیم

حضرت پیر سید نیک عالم شاہ قدس سرہ العزیز حقیقی معنوں میں امام العارفین اور قدوۃ العلماء الراسخین تھے، بحر طریقت بلکہ بحورِ طریقت کے شناور تھے، خود کامل ولی تھے، اور خلقِ کثیر کو کامل بنا دیا، درسیات میں استادانہ مہارت کے حامل تھے، کون سا علم تھا جو ان کی دسترس میں نہ تھا، تفسیر، حدیث، عقائد، فقہ، اصولِ فقہ، صرف، نحو، اشتقاق، معانی، بیان، بدیع، شعر، ادب، ریاضی، ہیأت وغیرہ علوم نوک برزبان تھے، منطق اور فلسفہ میں تو آپ کو تخصیص کا درجہ حاصل تھا، الغرض آپ بحر العلوم والمعارف اور معلومات کا سمندر تھے، جس میں جب تموج پیدا ہوتا تو حقائق ومعارف کے انمول اور ان گنت موتی آپ کے نوکِ قلم سے جھڑ کر صفحہ قرطاس پر ثبت ہو جاتے، جنہیں اب اربابِ علم وعرفان قارئین پڑھ پڑھ کر حیران رہ جاتے ہیں، طریقت ومعرفت کی بہترین ترجمانی، علم وفضل کی زیبائی اور خیال کی ندرت ورعنائی میں آپ کے دور میں آپ کے ہمسر شاید ہی ڈھونڈنے سے مل سکیں، جس موضوع پر قلم اٹھایا فیاضِ ازل اس کی تمام جزئیات کو آپ کے ذہن میں حاضر کر دیتا، اسی لئے آپ کی تحریرات میں علمی جلالت، وقار، حسن اور فیصلہ کن انداز پایا جاتا ہے۔

..................☆☆☆..................

حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کا ایک پہلو، ان کی شاعری بھی ہے، شاعر تلمیذ رحمان ہوتا ہے، اس کے لئے اگرچہ عالم فاضل ہونا شرط نہیں، ظاہری علم سے عاری کئی حضرات بلند پایہ شاعر ہوئے ہیں، لیکن جب شعر گوئی کے ملکہ کے ساتھ علمی جلالت اور اس کے مناسب عالی تفکر شامل ہو جائے تو شعر کے معانی کی لطافت، وسعت اور گہرائی میں بیش بہا اضافہ ہو جاتا ہے، رومی، نظامی گنجوی، حافظ شیرازی، خسرو، سعدی وغیرہم شعراء کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں، علم اور اس کے مناسب حال تفکر سے ان کے اشعار کی معنویت کے باعث ان کی کشش میں اضافہ ہو گیا ہے۔

اہلِ علم شعراء کو اکثر اوقات یہ دقت پیش آتی ہے کہ ان کی شاعرانہ آمد اور اظہار کی بے ساختگی اور علمی جلالت ایک دوسرے کے مدمقابل آ جاتے ہیں، علم کا طنطنہ اظہار کی بے ساختگی کی اجازت سے انکار کر دیتا ہے اور شعر کی آمد علم کی ثقاہت کو مجروح کرتی نظر آتی ہے، جو شعراء اس مشکل مقام کو طرفین سے انصاف کرتے ہوئے احسن انداز سے عبور کر لیتے ہیں وہ فن کی انتہائی بلندیوں کو پہنچ جاتے ہیں، ان کے اشعار ان کے نام کو رہتی دنیا تک باقی رکھنے کے ضامن بن جاتے ہیں، حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ اس اعتبار سے خوش قسمت واقع ہوئے ہیں کہ علمی جلالت اور طنطنہ نے ان کے کلام کو شعری محاسن سے مالا مال کر دیا ہے، آپ کی سی حرفیاں اس دعوی پر دلیل ہیں جو چاہے جس نقطہ نظر سے ان کا مطالعہ کرے، خالص سونے کو جتنی بار کٹھائی میں ڈالا جائے اس کا حسن مزید نکھر کر دل وجان کو مسحور کرتا رہتا ہے۔

..................☆☆☆..................

تقدیم

آپ کے تا حال دریافت شدہ کلام میں تین پنجابی نظم میں تراجم ہیں:۔

۱......ترجمہ قصیدہ بُردہ شریف ۲......ترجمہ قصیدہ بانت سُعاد ۳......ترجمہ دلائل الخیرات

یہ تینوں تراجم ایک مخطوطہ میں یک جا ہیں، اس کے کاتب آپ کے برادر اصغر حضرت خواجہ

اول الذکر دو قصیدے عربی زبان کی نظم میں ہیں جب کہ تیسری عربی نثر میں ہے، اسی ترجمہ کے بارے میں چند حقائق ذیل میں درج کئے جاتے ہیں، حضرت پیر صاحب قدس سرہ العزیز نے اس ترجمہ کا نام ''وسائل النجات شرح دلائل الخیرات'' رکھا ہے، یہ ترجمہ اور دیگر دونوں تراجم درحقیقت آپ رحمۃ اللہ علیہ کے عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے آئینہ دار ہیں عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا جذبہ صادقہ ہی تھا جس نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اس کٹھن میدان کی بادیہ پیائی پر آمادہ کیا اور پھر توفیق الٰہی سے آپ نے اس دشوار گذار مرحلہ کو کامیابی سے سرفرما لیا، اور جب تک یہ کائنات باقی ہے حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا نام نامی عشاقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی صف میں رہے گا، اور قیامت کے دن بھی آپ ان ہی کی صف میں اٹھائے جائیں گے ؎

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا	جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی

جو شخص بھی آپ کے ان تراجم کا مطالعہ کرے گا حضرت پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسے یہی پیغام دیتے نظر آئیں گے:

طرح عشق انداز اندر جانِ خویش	تازہ کن با مصطفیٰ پیمانِ خویش

اس منظوم ترجمہ کو پڑھنے سے حضرت پیر سید نیک عالم شاہ قدس سرہ العزیز ایک ایسے عظیم شاعر کی حیثیت سے نظروں میں سماتے ہیں جن کے کلام میں پنجابی زبان اپنی پوری شان وشوکت، وسعت اور حسن ورعنائی سے جلوہ گر نظر آتی ہے، آپ کے ذہن رسا کی گرفت میں اس زبان کے الفاظ اور تراکیب کا ایک ناپیدا کنار ذخیرہ ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے تخیُّل کی ہمنوائی کے لئے پنجابی زبان کے الفاظ اور اس زبان کے مرکبات کا ایک لشکر صف بستہ حاضر ہے، یہ آپ کی مرضی ومنشاء پر منحصر ہے کہ ان میں سے کس کا انتخاب آپ فرماتے ہیں، آپ کی پنجابی میں عربی، فارسی، اردو، ہندی، اور ترکی کے الفاظ بھی موجود ہیں، لیکن وہ اپنے محلِ استعمال میں نگینوں کی طرح اس طرح جڑے ہیں کہ ان کے نامانوس ہونے کا گمان ہی نہیں ہوتا، پنجابی کی اصل لطافت اور تازگی میں فرق نہیں آتا۔

..............☆☆☆..............

تقدیم

پنجابی زبان دنیا کے ایک وسیع خطہ کی زبان ہے، اس کے اپنے علاقہ میں اس کی مختلف بولیاں اور لہجے ہیں، اس کے نتیجہ میں بعض ایسے الفاظ بھی اس کا حصہ ہیں جو اسی زبان کے دوسرے خطہ میں نہ سمجھے جاتے ہیں اور نہ ہی گفتگو میں استعمال ہوتے ہیں۔

حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ پنجابی زبان کے ایک ایسے باکمال شاعر ہیں جن کو ان مختلف بولیوں، لہجوں اور الفاظ پر ماہرانہ انداز قدرت حاصل ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تمام بولیاں آپ کے گھر کی چیز ہیں، ان تمام بولیوں اور ان کے الفاظ کو ماہرانہ انداز میں استعمال کرنا آپ کے لئے قطعاً دشوار نہ تھا، اسی لئے کہا جا سکتا ہے کہ آپ کے کلام میں پنجابی زبان کے مختلف لہجوں کی لغت کا بیش بہا خزانہ موجود ہے، جو شخص اس نقطہ نظر سے آپ کے کلام پر نظر ڈالے گا اسے ایک بیش بہا خزانہ ہاتھ آئے گا، آزمائش شرط ہے۔

قارئین کی ضیافت طبع کے لئے پنجابی منظوم کے چند نمونے پیش ہیں جس سے حضرت پیر صاحب قدس سرہ العزیز کی عربی، پنجابی زبانوں کی مہارت، پنجابی نظم پر دسترس، الفاظ کے انتخاب کی ندرت اور ان کے استعمال کی چابک دستی کا اظہار ہوتا ہے۔

وَ اَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ مَا تَعْلَمُ اِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا نَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۝ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ مِنْ زَمَانِيْ هٰذَا وَ اِحْدَاقِ الْفِتَنِ وَ تَطَاوُلِ اَهْلِ الْجُرْاَةِ عَلَيَّ وَاسْتِضْعَافِهِمْ اِيَّايَ۝ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْكَ فِيْ عِيَاذٍ مَّنِيْعٍ وَّحِرْزٍ حَصِيْنٍ مِّنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ حَتّٰى تُبَلِّغَنِيْ اَجَلِيْ مُعَافًى

منگاں خیر الٰہی اس تھیں جو توں چنگا جانیں — لوڑاں اوُٹ تساڈی اس تھیں جو توں بُرا پچھانیں

بخشش تیری منگاں اس تھیں جو کجھ مَعْلَم تینوں — توں ہی جانے بیتیاں والا پتہ نہیں کجھ مینوں

اُس ویلے تھیں رحمت کر کے یارب آپ بچائیں — گھیرا پاون فتنے جتنے سب تھیں دور رکھائیں

بے باکاں دامیں پر سائیاں نہ توں ہتھ پوائیں — مینوں آپ انہاں دے وچوں نہ لِستا جنوائیں

تقدیم

پکے کوٹ پناھی اندر کل جگت تھیں رکھیں
ہوون عفو گناہ تمامی تاں میں میٹاں اکھیں

وَّ اَکۡثَرِھِمۡ طَاعَۃً وَّ سَمۡعًا
وَّاَعۡلَاھُمۡ مَّقَامًا وَّ اَحۡلَاھُمۡ کَلَامًا

سبھناں وچوں طاعت تیری جیہڑا بہت کریندا سبھناں وچوں حکم تساڈے لا کے کن سنیدا
اعلیٰ سبھناں وچوں جس دا رتبہ تساں بنایا مٹھے بول انہاں دے سب تھیں جو مائی نے جایا

اَنۡ تُصَلِّیَ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ عَدَدَ قَطۡرِ الۡمَطَرِ
وَکُلِّ قَطۡرَۃٍ قَطَرَتۡ مِنۡ سَمَآئِكَ اِلٰٓی
اَرۡضِكَ مِنۡ یَّوۡمٍ خَلَقۡتَ الدُّنۡیَآ
اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ فِیۡ
کُلِّ یَوۡمٍ اَلۡفَ مَرَّۃٍ ○

آل سمیت درود نبی نوں اتنا پہنچ خدایا جتناں قطرہ بدّل والا فضلوں تساں وسایا
جو جو قطرہ ہے فلک تھیں وَل زمین دے آیا روز قیامت توڑیں پہنچیں میرے پاک خدایا
اک دہاڑے دے وچ سائیاں اک ہزار مقرہ
پورا ٹارا سانواں ساٹا فرق نہ ہووے ذرہ

الغرض یہ پورا منظوم ترجمہ قند و نبات کی ڈلیاں ہیں، قارئین اس کو پڑھیں گے تو جہاں وہ پنجابی زبان کی وسعت، اس کی معانی کو سمیٹنے کی صلاحیت، لطافت، لچک، شگفتگی، شادابی کے معترف ہوں گے وہیں حضرت ناظم قدس سرہ العزیز کی مہارت، پرکاری، ذہنی رسائی، زبان و بیان پر گرفت کا اقرار کرنے پر بھی مجبور ہوں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

..............☆☆☆..............

تقدیم

دلائل الخیرات شریف کے اس منظوم ترجمہ کا مخطوطہ حضرت خواجہ حاجی محمد بفوی رحمۃ اللہ علیہ کے ذخیرہ کتب میں تھا، جو حضرت ناظم پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد و مربی تھے۔ اغلب گمان یہی ہے کہ حضرت پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ مخطوطہ نذرانہ کے طور پر آپ کی خدمت میں پیش کیا ہوگا، وہاں سے فقیر راقم الحروف عفی عنہ کے ہادی و ملجاء، رہبر و رہنما خواجہ عالم حضرت خواجہ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ نے حاصل فرمایا، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ازراہِ شفقت و محبت اس کی زیارت سرائے عالمگیر جی، ٹی، روڈ کی جامع مسجد کے مین گیٹ سے باہر اس مسکین کو اس وقت کرائی جب آپ رحمۃ اللہ علیہ عازمِ لاہور تھے، فقیر عفی عنہ ان دنوں وہاں جامعہ حنفیہ رضویہ سرائے عالمگیر میں خدمت تدریس پر مامور تھا، اس وقت اس مخطوطہ کے ساتھ دلائل الخیرات کی عربی شرح مَطَالِعُ الْمُسَرَّات کا بڑی تقطیع کا ایک مخطوطہ بھی تھا، فقیر عفی عنہ نے اس کی زیارت بھی کی، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں طبع کرانے کا ارادہ بھی ظاہر فرمایا تھا، لاہور میں اس کی فوٹوسٹیٹ کاپی بنوانے کے لئے آپ نے اسے الحاج صوفی نذیر احمد نقشبندی مجددی صاحب کے سپرد فرمایا، انہوں نے اس کی ایک فوٹوسٹیٹ کاپی بنوا کر آپ قدس سرہ العزیز کی خدمت میں پیش کی اور دوسری اپنے پاس رکھ لی، حضرت خواجہء عالم قدس سرہ العزیز نے وہ فوٹوسٹیٹ کاپی خانقاہِ فتحیہ گلہار شریف میں بڑے اہتمام سے الگ چھوٹی الماری میں محفوظ رکھ لی۔ اور اصل مخطوطے بفہ شریف صاحب زادگان کی خدمت میں واپس بھیج دیئے، جو وہاں سے لوگوں کی دستبرد کے باعث ضائع ہو چکے ہیں۔

صوفی نذیر احمد نقشبندی صاحب نے اس کی ایک کاپی بقیۃ السلف حجۃ الخلف حضرت شیخ حاجی پیر مولانا محمد عبدالواحد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں پیش کی واضح رہے کہ دلائل الخیرات کے ترجمہ کے ساتھ قصیدہ "بانت سعادُ" اور قصیدہ بُردہ شریف کے منظوم ترجمے بھی مخطوطہ میں شامل ہیں، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اسے طبع کرانے کا ارادہ فرمایا تا کہ حضرت خواجہ عالم قدس سرہ العزیز کی خواہش مبارک پوری ہو سکے۔

یہ عظیم کام آپ کی ظاہری حیاتِ مبارکہ میں پایہء تکمیل کو نہ پہنچ سکا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ ۲۲/اپریل ۲۰۱۳ کو دورانِ سفر داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔

خدا تعالیٰ کا بے حد احسان ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادگان والا شان نے اپنے والدِ گرامی قدر کے مشن کو نہایت عمدگی، حوصلہ مندی اور خداداد صلاحیتوں سے سنبھالا، مساجد کی تعمیر، مدارس کی ترقی، طالبان کی

تقدیم

رہنمائی، دینی کتب کی طباعت وفی سبیل اللہ تقسیم اور دیگر دینی، رفاعی امور کے تسلسل کو منقطع نہ ہونے دیا، کتابِ ہذا ''وسائل النجات'' کی اشاعت بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اللہ تعالیٰ اس مبارک مشن کے تمام کارکنوں کو مزید اخلاص نصیب فرمائے، حضرت حاجی پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور سلسلہ شریفہ کے تمام مشائخ کرام کی مشفقانہ توجہات ان کے شاملِ حال فرمائے۔

.................☆☆☆.................

اس سلسلہ میں اہم پیش قدمی مولانا محمد ظہیر الدین بھٹی صاحب کے حصہ میں آئی جس کی تفصیل آپ ان کی اپنی تحریر میں پڑھیں گے، اس پر وہ بجاطور پر تبریک کے مستحق ہیں، ان کا مبیضہ کمپوزنگ کے بعد فقیر راقم الحروف کے ہاتھوں میں آیا، فقیر عفی عنہ کے لئے پنجابی زبان اور وہ بھی پنجابی زبان کے صف اول کے عارف کامل کے کلام پر کام کرنے کا پہلا تجربہ تھا، اگرچہ مولانا موصوف کے کام کے بعد یہ کام کچھ آسان ہو چکا تھا لیکن مشکلات کی خاصی تعداد ابھی باقی تھی فقیر عفی عنہ نے حضرت مولانا کی تحقیق کو حرف آخر قرار نہ دیا، مخطوطہ کو از سرِ نو پڑھا، اور جو حق وصواب معلوم پڑا وہ شاملِ اشاعت کیا، حضرت مولانا موصوف نے مشکل الفاظ اور ان کے معانی کی ایک مختصر فہرست مرتب فرمائی، فقیر عفی عنہ نے اسے ترک کر کے ہر صفحہ پر جو الفاظ مشکل معلوم ہوئے ان کے معانی درج کر دیئے اس سلسلہ میں بعض مقامات پر تکرار بھی ہو گیا ہے قارئین کی سہولت کے لئے اس کو گوارا کر لیا گیا ہے، جو اشعار نامکمل تھے یعنی ان کا صرف ایک مصرعہ مخطوطہ میں درج تھا ان کو مکمل کیا، اور دو مقامات پر عربی متن کا ترجمہ سہوِ کاتب سے رہ گیا تھا ان کو مکمل کیا، ان مقامات کی نشان دہی بھی حواشی میں کر دی گئی ہے۔

محمد علیم الدین عفی عنہ

۳۰/اگست ۲۰۱۰ء

بروز پیر

بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم

مختصر احوال

صاحبِ دلائل الخیرات

سیّدی محمد بن سلیمان رحمہ اللہ

بقلم

صاحبزادہ محمد بدر الاسلام صدیقی

علّامہ امام ابو عبد اللہ محمد بن سلیمان جزولی سہلالی شاذلی مالکی رحمۃ اللہ علیہ کی ۸۰۷ھ ۱۴۰۴ء، سوس اقصی (مغرب) میں ولادت ہوئی [1]۔ حسنی سید ہیں سلسلہ نسب اس طرح ہے:

محمد بن عبد الرحمن بن أبی بکر بن سلیمان بن سعید بن یعلی بن یخلف بن موسیٰ بن علی بن یوسف بن عیسیٰ بن عبد اللہ بن جندور بن عبد الرحمن بن محمد بن أحمد بن حسان بن اسماعیل بن جعفر بن عبد اللہ الکامل بن حسن المثنی بن حسن بن علی بن أبی طالب رضی اللہ عنہ [2]۔

بربر قوم کے قبیلہ جزولہ کی سہلالی شاخ سے تعلق رکھتے تھے، مغرب میں ''سیدی محمد بن سلیمان'' کے نام سے معروف ہیں۔ مُرَّاکُش کے رجالِ سبعہ میں آپ کا شمار ہوتا ہے جن کے اسماء حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ سیّدی محمد بن سلیمان جزولی

۲۔ سیّدی یوسف بن علی

۳۔ سیّدی القاضی عیاض (صاحب کتاب الشفاء)

۴۔ سیدی الامام السُهیلی (صاحب الروض الانف)

۵۔ سیدی ابو العباس السبتی

۶۔ سیدی عبد العزیز التباع

۷۔ سیدی الغزوانی (مول القصور)

---

۱ خیر الدین زرکلی، الاعلام/ج/۶/ص/۱۵۱/ط/بیروت۔ ۲ عبد المغیث، التعریف الشمولی بالامام الجزولی، ص/۳۰۔

مختصر احوال

ابتدائی تعلیم اور حفظِ قرآنِ کریم اپنے گاؤں میں کیا پھر فاس "مَدْرَسَةُ الصَّفَارِيْن" میں داخل ہوئے، آپ کوئی کتب ازبر تھیں جن میں "فرعی ابن الحاجب" ۱؎ اور "المُدَوَّنَة" شامل ہیں ۲؎، جب حضرت امام مدرسہ صفّارین میں زیرِ تعلیم تھے تو اکیلے ایک گھر میں رہتے تھے جس میں اور کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہ دیتے یہ خبر آپ کے والد گرامی کو سوس پہنچی تو آپ نے سوچا یا کسی نے کہا کہ وہاں مال وزر ہوگا، آپ وہاں تشریف لے گئے اور اندر جانے کی اجازت طلب کی حضرت امام نے اندر آنے کی اجازت دی آپ اندر داخل ہوئے تو دیکھا کہ ساری دیواروں پر "اَلْمَوْت" "اَلْمَوْت" "اَلْمَوْت" لکھا تھا، اس طرح آپ کو اپنے بیٹے کا مقام معلوم ہوا، اور اپنے نفس کو ملامت کی: کہاں یہ اور کہاں ہم، پھر آپ کو وہیں چھوڑا اپنے وطن واپس آگئے۔ ۳؎ علوم ظاہری کی تکمیل کے لئے آپ نے دور دراز کے سفر اور مختلف شیوخ سے استفادہ فرمایا۔

تعلیم سے فراغت کے بعد وطن آئے ہی تھے کہ دوبارہ آپ کو طنجہ (شمالی مُرّاکُش) جانا پڑا کیوں کہ آپ نے لوگوں کو خون خرابے سے بچانے کے لئے ایک ایسے جرم کا اعتراف کرلیا تھا جس کا ارتکاب آپ نے نہیں کیا تھا، وہاں سے آپ سمندری رستہ سے بلادِ مشرق کی طرف روانہ ہوئے، چالیس برس وہاں گزارے جن میں کچھ عرصہ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور بیتُ المقدس میں مقیم رہے، پھر آپ واپس فاس تشریف لائے اس قیام کے دوران شہرۂ آفاق کتاب "دلائل الخیرات" تالیف فرمائی۔ ۴؎ مدرسۃ الحلفاویین فاس میں متعدد برس تدریس بھی فرماتے رہے۔

لغت نامہ دہ خدا میں آپ کا تعارف اس طرح ہے:

صاحب ترجمہ (امام جزولی) مردے فقیہ بود و در تصوف تالیفاتے داشت برخے درحقِ او گفتہ اند۔ وے نخبۂ دھر و وحیدِ عصرِ خود بشمار می رفت او شریعت را کہ در غرب و نیستی می نہاد زندہ کرد و نورِ حقیقت را کہ او بخاموشی بود خورشیدِ نورانی ۵؎۔

۱؎ مذھب مالکی میں اصول فقہ کی کتاب "جامع الامھات" سے معروف ہے۔

۲؎ یہ مؤطا امام مالک کے بعد سب سے پہلے مدون کی گئی۔

۳؎ عبدالمغیث التعریف الشمولی بالامام الجزولی ص ۳۵

۴؎ دائرہ معارف اسلامیہ ج ۷/ ۳۲۷/ ط/ لاہور

۵؎ لغت نامہ دھخدا ج ۱۶ ص ۴۳۵

مختصر احوال

دلائل الخیرات

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اہلِ ایمان کو اپنے حبیبِ مکرم علیہ التحیۃ والتسلیم پر درود وسلام پڑھنے کا حکم دیا ہے ارشاد فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

''رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اللہ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود شریف پڑھو، اور خوب سلام پڑھو''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس ر ۱۰ ر رحمتیں نازل کرتا ہے، اس کی دس ر ۱۰ ر خطائیں معاف کرتا ہے، اور دس ر ۱۰ ر درجات بلند کرتا ہے''۔ ۱

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ سیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے بھرپور اور بہت اجر ملے وہ جس وقت ہم اہلِ بیتِ نبوت پر درود بھیجے تو اس طرح کہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَأَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ ۲

اسلافِ کرام نے صلواتِ طیبات کی ان روایات کو جمع کیا ہے، لسانِ نبوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام سے نکلے ہوئے ان الفاظ میں جو برکات ہیں وہ کسی دوسرے کے الفاظ میں نہیں ہیں، اس حقیقت کے باوجود صحابہ کرام نے اپنی عقیدت ومحبت کا اظہار کیا ہے، ابنِ ماجہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول درود شریف موجود ہے جو آپ نے اپنے احباب کو تعلیم فرمایا تھا۔ علماء ومشائخ نے اس مبارک طریقہ کو جاری رکھا، غوث الثقلین حضرت سیّدی ابو محمد عبدُ القادر جیلانی قدس سرہ کی طرف منسوب درود مبارکہ کے تین مجموعے اس عاجز کی نظر سے گزرے ہیں، حضرت امام ربانی سیّدی احمد مجدد الفِ ثانی نور اللہ مرقدہ بھی آپ کے مرتب کردہ صلواتِ ماثورہ کا ورد فرمایا کرتے تھے، صلواتِ طیبات کے ان لاتعداد مجموعات میں سب سے زیادہ جس مجموعہ کو شہرتِ تام اور قبولیت حاصل ہوئی وہ حضرت سیدی محمد بن سلیمان جزولی شاذلی مالکی رحمہ اللہ کا مجموعہ صلوات ''دَلَآئِلُ الْخَیْرَاتِ وَشَوَارِقُ الْاَنْوَارِ فِیْ ذِکْرِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْمُخْتَارِ'' ہے، پوری دنیا میں محبین بڑے ذوق وشوق اور عشق ومحبت سے اس کا ورد کرتے ہیں، بعض محبین کو دورانِ تلاوت حضورِ انور سردارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ عالیہ میں ''حضوری'' ہوجاتی رہی ہے، جیسا کہ عارف باللہ

۱۔ نسائی شریف   ۲۔ ابوداؤد۔

مختصر احوال

حضرت سیّدی خواجہ محمد سلطانِ عالم صدیقی مجددی قدس سرہ (المتوفی ۱۹۳۴ء) نے اپنے ایک مُستَرشِد سے اس کا اظہار اس طرح فرمایا: ''اب ہم بوڑھے ہیں ہماری فقیری بھی بوڑھی ہے جب دونوں شباب پر تھے تو ذوق وشوق سے پڑھنے پر حضوری ہو جایا کرتی تھی۔

مشائخ کرام اپنے شیوخ سے اسی بابرکت مجموعہ کے ورد کے لئے باقاعدہ اجازت حاصل کرتے، اس مبارک کتاب کی شرف وعظمت اور قبولیت واہمیت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ بعض عارفین نے اس کی اجازت حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کی چنانچہ سید محمد مغربی تلسمانی اور محمد اندلسی رحمہا اللہ نے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ سے دلائل الخیرات کی اجازت حاصل کی۔ ا۔

مشائخ کرام میں یہ طریقہ مروج رہا ہے کہ وہ اپنے مسترشدین کو باقاعدہ سند تحریر کر کے اجازت فرماتے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی سند حضرت امام رحمہ اللہ تک اس طرح متصل ہے:

فوائد وبرکات اور کرامات

حاجی محمد خلیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کے تعارف میں رقمطراز ہیں:

یہ کتاب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں درود وسلام پر مشتمل ہے اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے، مشرق ومغرب اور خاص طور پر روم کے شہروں میں باقاعدگی سے پڑھی جاتی ہے۔ ۲۔

اس کتاب کی برکات وکرامات میں سے یہ بھی ہے کہ بہت سارے صُلحاء نے اسے مکمل حفظ کر رکھا ہے، ولیٔ کامل سیّدی صدیق فلاحی رحمہ اللہ اُمّی تھے لیکن انہیں دلائل الخیرات حفظ تھی۔ وہ خود بیان کرتے ہیں: کہ حالتِ نیند میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درود مبارک مجھے سکھایا میں بیدار ہوا تو سارا درود شریف حفظ تھا۔

یہ مبارک کتاب قضائے حوائج اور مشکلات کے حل کے لئے بہت مُجرّب ہے اسے چالیس (۴۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن پورے ہونے سے قبل مکمل پڑھی جائے تو درود مبارک کی برکت سے حاجت پوری ہو جاتی ہے۔ ۳۔

مشائخ کرام فرماتے ہیں کہ دلائل شریف کی برکات میں سے ہے کہ خالی دل اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو حاضر جان کر دلائل الخیرات مکمل کرنے کے بعد حسبِ ذیل یہ اشعار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ دعا مستجاب فرمائے گا۔

يَاخَالِقَ الْخَلْقِ يَارَبَّ الْعِبَادِ وَمَنْ	قَدْقَالَ فِيْ مُحْكَمِ التَّنْزِيْلِ ادْعُوْنِيْ
اِنِّيْ دَعَوْتُكَ مُضْطَرًّا فَخُذْ بِيَدِيْ	يَاجَامِعَ الْاَمْرِ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ
اَطْلِقْ سَرَاحِيْ وَامْنُنْ بِالْخَلَا كَمَا	نَجَّيْتَ مِنْ ظُلُمَاتِ الْبَحْرِ ذَاالنُّوْنِ
وَقَالَ خَيْرُالْوَرٰى يَااَزِمَّةَ انْفَرِجِيْ	فَجَائَهُ النَّصْرُ وَالتَّمْكِيْنِ فِي الْحِيْنِ
يَارَبِّ ادْعُوْكَ تَعْفُوَ الْيَوْمَ عَنْ زَلَلِ	فَاِنَّ اَجْرَ غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۴

ا۔ سید یوسف بن اسماعیل الدلالات الواضحات ص/۱۰۱ط، لاہور
۲۔ کشف الظنون
۳۔ علامہ محمد مہدی الفاسی مطالع المسرات ص/۴۔
۴۔ عبدالمغیث التعریف الشولی بالامام الجزولی ص ۱۱۷

مختصر احوال

سببِ تالیف

عارف باللہ شیخ احمد صاوی مصری شرح صَلَوَاتُ الشیخ الدردیر میں اور شیخ حسن عدوی حاشیہ دلائل الخیرات میں تحریر کرتے ہیں: حضرت امام نے اسے ''فاس'' میں تالیف کیا اور اس کی تالیف کا سبب یہ ہوا کہ امام جزولی رحمہ اللہ نماز کے وقت وضو کے لئے اٹھے تو کنویں سے پانی نکالنے کے لئے کوئی چیز موجود نہیں تھی، اسی دوران بلند مکان سے ایک بچی نے دیکھا تو پوچھا آپ کون ہیں؟ آپ نے بتایا تو اس نے کہا: آپ اتنے صالح اور معروف ہیں لیکن پھر بھی حیران ہیں کہ کنویں سے پانی کیسے نکالیں؟ اس بچی نے کنویں میں تھوکا اس کنویں کا پانی سطحِ زمین پر اُبل پڑا، شیخ نے وضو سے فراغت کے بعد بچی کو قسم دے کر پوچھا کہ تو نے یہ مرتبہ کیسے پایا؟ اس نے کہا:

بِكَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلٰى مَنْ كَانَ اِذَامَشٰى فِى الْبَرِّ الْاَقْفَرِ تَعَلَّقَتِ الْوُحُوْش بِأَذْيَالِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

''اس ذات مبارک پر درود شریف کی کثرت سے جو جنگل میں چلتے تو وحشی جانور ان کے دامن سے لپٹ جاتے'' صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہ سن کر حضرت شیخ نے قسم اٹھائی کہ ''میں درود شریف کے بارے میں کتاب لکھوں گا۔[1]

مشائخ کرام فرماتے ہیں اس میں وہ درود شریف بھی موجود ہیں جو وہ بچی ورد کیا کرتی تھی یہ مبارک و معروف کتاب مدرسہ صفّارین میں تالیف فرمائی فاس میں جامع القرویین کے کتب خانہ سے استفادہ فرمایا، مقامِ تالیف آج تک محفوظ وہاں محراب ہے جہاں حضرت امام رحمہ اللہ معتکف رہے، بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تالیف کے دوران آپ تین یا چار برس حرمین شریفین مقیم رہے۔[2]

---

[1] علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانی جامع کرامات الأولیاء/ج/۱/ص ۲۷۶/۲۷۷۔

[2] عبدالمغیث التعریف الشمولی بالامام الجزولی ص ۹۱

مختصر احوال

تقسیمِ دلائل الخیرات

صاحب دلائل الخیرات حضرت امام جزولی رحمۃ اللہ علیہ نے قارئین کی سہولت کی خاطر اس مبارک کتاب کو آٹھ اَحزاب، اَرباع، (چار ربع) اور اثلاث (تین ثلث) پر تقسیم کیا جو محبِّ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہر روز پوری پڑھنے کی استطاعت رکھتا ہو وہ پوری پڑھے۔ جو ثلثا تک پڑھے وہ ''طریقۃ المثلی'' کہلاتا ہے وہ اس طرح کہ یومُ السبت سے شروع کرے یومُ الاثنین کو ختم کرے اور اسی طرح یومُ الثُلثاء ایک ثلث پڑھے یومُ الاَرْبَعاء دوسرا ثلث پڑھے اور یوم الخمیس کو ختم کرے اور جمعۃ المبارک کو مکمل ختم کرے۔ یہ طریقہ امام جزولی رحمہ اللہ کے متبعین کے شیوخ میں اب تک رائج ہے وہ دن کے آغاز میں شروع کرتے ہیں اور زوال سے قبل ختم کرتے ہیں اور جو کسبِ معاش میں مشغول ہوں تو وہ ربع تک پڑھتے ہیں [1]۔

قراءتِ دلائل

مدینہ منوّرہ، مصر اور بالخصوص مَغرِب (مَرّاکُش) کے محبّین وعشاق دلائل الخیرات کا ورد جہری طور پر جماعت کی صورت میں ہم آواز ہو کر کرتے ہیں اس وقت اس مبارک محفل کا عجیب سماں ہوتا ہے مَرّاکُش میں حضرت مؤلف سیدی امام جزولی رحمہ اللہ کی مرقد پر ہر جمعرات کو با آوازِ بلند پڑھتے ہیں عصر کے بعد عشاء تک یہ مبارک محفل ہوتی ان میں اکثر حاضرین کو مکمل حفظ ہوتی ہے اور وہ زبانی پڑھتے ہیں پہلے ایک جماعت پڑھتی ہے پھر دوسری جماعت یہاں تک کہ مکمل ختم کرتے ہیں۔ [2]۔

دائرہ معارفِ اسلامیہ میں ہے: مَرّاکُش میں ''اَصْحَاب الدَّلِیْل'' کے نام سے ایک قسم کی مذہبی جماعت وجود میں آئی ہے جس کا بنیادی مشغلہ مجموعہ اَدْعِیَہ (دلائل الخیرات) کو بآوازِ بلند پڑھنا تھا یہ لوگ اس کتاب کو حرزِ جاں (تعویذ) کی طرح اٹھائے پھرتے ہیں اور اسے ایک چرمی یزدان میں لپیٹ کر یا نقرئی ڈبیا (تہلیل) میں بند کر کے کندھے پر لٹکا لیتے ہیں۔ الجزولی (امام جزولی رحمہ اللہ) نے شاذلیوں کا ایک الگ فرقہ قائم کیا ہے جسے جَزُولیہ کہتے اس میں شامل ہونے والوں کا وظیفہ یہ مقرر ہے کہ روزانہ چودہ ہزار بار ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' اور دوبار دلائل الخیرات پڑھیں اور رات دلائل الخیرات ایک بار اور ربع قرآن مجید پڑھیں۔ [3]۔

حضرت قبلہ عالم سیدی خواجہ محمد سلطانِ عالم صدیقی مجددی قدس سرہ (المتوفی ۱۹۳۴) کا معمول تھا کہ آپ کے جو سنگیانِ طریقت نہ پڑھ سکتے تھے وہ گول دائرہ کی صورت میں بیٹھتے ایک آدمی جہراً پڑھتا اور باقی سماعت کرتے۔ جہاں غلطی ہوتی حضرت قبلہ عالم رحمۃ اللہ علیہ اس کی تصحیح فرما دیتے۔

---

۱ عبد المغیث التعریف الشمولی بالامام الجزولی ص ۱۰۸

۲ عبد المغیث التعریف الشمولی بالامام الجزولی ص

۳ دائرہ معارف اسلامیہ ج، ص ۲۲۸

مختصر احوال

شروحِ دلائل

علماء وشیوخ کے ایک جمِ غفیر نے دلائل الخیرات کی شروح اس کے حواشی وتعلیقات اور اس میں احادیث کی تخریج فرمائی ہے ان میں سے بعض کے اسماء حسبِ ذیل ہیں:۔

۱۔ اَلْاَنْوَارُ اللَّامِعَاتِ فِي الْكَلَامِ عَلٰی دَلَائِلِ الْخَيْرَات

(ابو زید عبدالرحمن بن محمد بن یوسف الفاسی متوفی ۱۰۳۶ھ)

۲۔ شَرْحُ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ (محمد الحزمی الفاسی متوفی ۱۰۵۲ھ) نامکمل هے۔

۳۔ تُحْفَةُ الْاَخْيَارِ وَمَعُوْنَةِ الْاَبْرَارِ الْعَاكِفِيْنِ عَلٰی دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ وَشَوَارِقِ الْاَنْوَارِ

(محمد مهدی الفاسی المتوفی ۱۱۰۹ھ)

۴۔ مَطَالِعُ الْمَسَرَّاتِ بِجَلَاءِ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ (محمد مهدی الفاسی المتوفی ۱۱۰۹ھ)

۵۔ اَلْاَزْهَارُ الْمُنِيْرَاتِ فِي شَرْحِ دَلَائِلِ الْخَيْرَات (محمد بن محمد سالك مراكشی)

۶۔ تَعْلِيْقٌ عَلٰی دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ (طاهر بن محمد بن ابراهیم تادلی الجعدی)

۷۔ تَخْرِيْجُ اَحَادِيْثِ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ

(ابو راس محمد بن احمد بن عبدالقادر راشدی جزائری المتوفی ۱۲۳۹ھ)

۸۔ اِسْتِجْلَابُ الْمَسَرَّاتِ فِي شَرْحِ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ (محمد بن احمد الشریف الجزائری)

۹۔ بُلُوْغُ الْمَسَرَّاتِ عَلٰی دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ (حسن عددی جمزاوی متوفی ۱۳۰۳ھ قاهره)

۱۰۔ بَدْءُ الْوَسَائِلِ فِي حَلِّ اَلْفَاظِ الدَّلَائِلِ (احمد بن محمد السجاعی المصری)

۱۱۔ مَنَاحِتِّيْ السَّعَادَاتِ بِشَرْحِ دَلَائِلِ الْخَيْرَاتِ (عبدالمجید شرنوی ازهری ؒ)

۱۲۔ وسائل النجاة

(ابو عبدالله حسین بن علی الحسینی

المعروف به سید محمد نیك عالم شاه صاحب رحمة الله علیه) ۱

۱۔ شیخ عبدالمغیث بن محمد المصطفی بصیر حفظہ اللہ تحریر کرتے ہیں کہ تیس کے قریب دلائل الخیرات کی شروح کے متعلق مجھے خبر ہے۔ ۱۳ شروح وحواشی کی تفصیل اپنی کتاب میں انہوں نے درج فرمائی ہے دیکھئے التعریف الشمولی بالامام الجزولی/ص ۹۵ / ۱۰۰۔

مختصر احوال

آدابِ تلاوت

شیخُ الشیوخ سیّدی المرشد خواجہء عالم قاضی محمد صادق صدیقی مجددی قدس سرہ (۱۴۲۹ھ) اپنے مسترشدین کو جو آدابِ تلاوت تلقین فرماتے وہ ہدیہ قارئین ہیں:

☆ تلاوت کے آغاز سے قبل سورہ فاتحہ ایک مرتبہ سورۃ اخلاص تین مرتبہ درود شریف تین مرتبہ اوّل و آخر پڑھ کر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین، سلاسلِ اربعہ کے مشائخ اور بالخصوص حضرت مؤلف امام جزولی رحمہ اللہ کی ارواح کو ایصالِ ثواب کیا جائے۔

☆ فرماتے: فاتحہ پڑھنا سوئے ہوئے کو جگانے کی طرح ہوتا ہے۔ ان کی روح بندہ کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔

☆ دوزانو بیٹھ کر پڑھا جائے۔ یہ تصور رکھا جائے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرا درود پاک سماعت فرما رہے ہیں۔ اگر یہ تصور نہ رکھا جا سکے تو روضہ مطہرہ کا یا روضہ مطہرہ کی کسی ایک چیز کا تصور رکھ کر پڑھو۔

☆ یومیہ ایک حزب یا بعض کو پوری دلائل شریف کے ورد کا حکم فرماتے۔

☆ پڑھ کر حضور سید عالم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ہدیۃً پیش کریں۔ آپ کی برکت سے صحابہ کرام، تابعین، چاروں سلاسل، جمیعِ مشائخ نقشبندیہ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ سے لے کر اپنے شیخ تک جتنے شیوخ گزرے ہیں سب کو اس کا ثواب پہنچائے اپنی حاجات اللہ تعالی کے حضور پیش کریں۔ اللہ کے حضور عرض کریں کہ میرا دین، دنیا اور آخرت بہتر فرما۔ آنے والی مشکل گھاٹیاں (نزع کی مشکلات) میرے لیے آسان فرما۔ ذوق و شوق عطا فرما، غفلت و سستی دور فرما۔

وصال

حضرت امام نے آسفی میں رشد و ہدایت کا سلسلہ شروع کیا تو آپ کے مریدین ہزاروں کی تعداد میں ہو گئے شہر کے حاکم نے مجبور ہو کر آپ کو وہاں سے نکال دیا اس پر حضرت امام نے اس شہر پر اللہ تعالی سے بددعا کی نتیجۃً چالیس (۴۰) سال تک وہ شہر عیسائیوں کے قبضہ میں رہا دوسری روایت کے مطابق اس حاکم نے یہ خیال کیا کہ یہ امام مہدی ہیں جن کا انتظار کیا جا رہا ہے اور آپ کو زہر دے دیا تو آفوغال مین صلاۃِ فجر کی پہلی رکعت کے دوسرے سجدہ یا دوسری رکعت کے پہلے سجدے میں جام شہادت نوش فرمایا تاریخ وصال ذوالقعد ۸۶۹ھ ۲۵ جون/ ۲۴ جولائی ۱۴۶۵ یا ۱۶ ربیع الاول ۸۷۰ھ یا ۸۷۲ھ یا ۸۷۵ھ تھی۔ [1]

[1] دائرۃ المعارف اسلامیہ ج ۷/ ص ۲۲۸

ایک شاعر اپنے اشعار میں یوں بیان کرتا ہے۔

وَمَاتَ هٰذَا السَّیِّدُ الْجُزُوْلِیُ	وَهُوَ یُصَلِّی الصُّبْحَ فِی الْمُنْقُوْلِ
نِصْفَ رَبِیْعِ النَّبَوِیُ سَبْعِیْنَا	بَعْدَ ثَمَانِمِائَةَ سِنِیْنَا ۱

حضرت امام رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد نرینہ نہیں تھی صرف ایک صاحبزادی تھیں۔ ۲

علامہ امام مہدی فاسی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں: ۱۶ ربیع الاول ۸۷۰ھ میں آفوغال میں زہر کے اثر سے آپ کا وصال ہوا اس دن ظہر کے وقت ایک مسجد کے وسط میں دفن کیے گئے جس کا سنگِ بنیاد آپ ہی نے رکھا تھا۔ وصال کے ۷۷ سال بعد آپ کا جسدِ عنصری سوس سے مُرّاکُش منتقل کیا گیا اور ریاض العروس قبرستان میں دفن کیا گیا۔ آپ کی قبر پر عالی شان پرشکوہ قبہ بنایا گیا۔ جب لوگوں نے آپ کا جسدِ مبارک قبر سے نکالا تو اسی طرح تھا جیسا کہ دفن کے وقت تھا نہ تو مٹی نے اسے نقصان پہنچایا تھا اور نہ ہی طویل مدت گزرنے سے کوئی تغیّر پیدا ہوا تھا وصال سے کچھ پہلے آپ نے سر اور داڑھی کے بال منڈوائے تھے اس کا اثر اسی طرح تھا۔ ایک زائر نے آپ کے چہرہ مبارک پر انگلی رکھ کر دبایا اس کے نیچے سے خون سمٹ گیا جب انگلی اٹھائی تو دوبارہ خون لوٹ آیا جیسا زندوں میں ہوتا ہے۔ ۳

سلسلۂ طریقت

حضرت امام جزولی رحمہ اللہ کا سلسلۂ طریقت ''شاذلیہ'' ہے حضرت ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ تک اس طرح متصل ہے:

محمد بن سليمان جزولی عن أبی عبدالله محمد أمغار عن سعيد الهرتنانی عن أبی زيد عبدالرحمن الرجراجی عن أبی الفضل الهندی عن أحمد عنوس البدوی عن أحمد القرافی عن أبی عبدالله محمد المغربی عن أبی الحسن الشاذلی۔

۱۔ عبدالمغیث التعریف الشمولی بالامام الجزولی ص

۲۔ عبدالمغیث التعریف الشمولی بالامام الجزولی ۴۲

۳۔ علامہ محمد مہدی فاسی ...... مطالعہ المسرات بجلاء دلائل الخیرات

مختصر احوال

اپنے شیخ حضرت عبداللہ محمد امغار رحمہ اللہ سے ملاقات کرکے شاذلی سلسلہ کے اسباق حاصل کرکے چودہ ۱۴ برس خلوت میں عبادت الٰہی میں مشغول رہے۔خلوت سے باہر نکلے تو خلقِ کثیر آپ کے ہاتھ پر تائب ہوئی۔آپ کے بارے میں مشائخ کرام نے کہا کہ قطبِ وقت تھے۔

حضرت امام کتاب وسنت کے سختی سے پابند تھے۔آپ کی بہت سی کرامات ومکاشفات مشہور تھیں۔اور لوگوں میں آپ کی بہت شہرت تھی۔اورادووظائف کثرت سے پڑھتے شب وروز ایک ختم قرآن کریم دومرتبہ دلائل الخیرات کا ختم اور ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' کی خاصی تعداد آپ کے اوراد میں شامل تھی۔

حضرت امام رحمہ اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ عالیہ پر کثرت سے درودشریف پڑھتے اورآپ کا طریقہ اسی پر کاربند ہے آپ کے متبعین اب تک دلائل الخیرات ہمیشہ ساتھ رکھتے ہیں اور مواظبت کے ساتھ پڑھتے ہیں حضرت شیخ امام قصار رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت محمد بن سلیمان جزولی شاذلی رحمہ اللہ علیہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ والہانہ محبت رکھتے تھے اسی وجہ سے آپ کو خطاب ہوا:

فَضَّلْتُكَ عَلٰى عَصْرِكَ بِكَثْرَةِ صَلَاتِكَ عَلٰى حَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: ''میں نے تجھے زمانہ میں میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت درودشریف پڑھنے کی وجہ سے فضیلت دی''۔

طریقہ شاذلیہ کے مؤسس حضرت شیخ ابوالحسن علی بن عبداللہ شاذلی حسنی قدس سرہ ہیں سبتہ کے قریب غمارہ شاذلہ (تونس) ۵۹۳ھ/۱۱۹۶-۱۱۹۷ء (تقریباً) میں ولادت ہوئی شاذلہ گاؤں کی وجہ سے شاذلی مشہور ہوئے حسنی سید ہیں۔حضرت عبدالسلام بن مشیش رحمۃ اللہ علیہ سے فیض حاصل کیا۔طریقہ شاذلیہ کی مغرب،تونس اور مصر وغیرہ میں بہت اشاعت ہوئی۔حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ جب گھر سے نکلتے تو لوگوں کا ہجوم آپ کے ساتھ رہتا متعدد حج کیے آخری حج سے واپس آرہے تھے کہ صحرائے عیذاب عبور کرتے ہوئے حُمَیْثَرَۃ (مصر) کے مقام پر ۶۵۶ھ-۱۲۵۷ء وصال فرمایا۔

حضرت شیخ شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے ''شیخِ سائح'' کی زندگی بسر کی یعنی سیروسیاحت کے دوران اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی یاد میں مشغول رہتے۔آپ اپنے مریدین کو ساری زندگی یادباری تعالیٰ میں صرف کرنے کی تلقین فرماتے

وہ انہیں ہر قسم کے حالات میں دعا اور نماز میں مشغول رہنے کی ہدایت فرماتے۔آپ کے مریدین کے پاس زاویہ خانقاہ اور ذکر بالجہر نہیں تھے اور نہ ہی خوارق عادات۔

آپ کے بہت سے متبعین میں بہت مشہور حضرت تاج الدین بن عطاء اللہ الاسکندری رحمہ اللہ اور ابوالعباس المرسی رحمہ اللہ ہیں۔

مزار مبارک

آپ کا مزار پُر انوار بڑا اعالی شان بارعب پُر ہیبت اور پُر جلال مُرّ اکش میں واقع ہے وہاں زائرین کا ہجوم رہتا ہے اور لوگ کثرت سے وہاں دلائل الخیرات پڑھتے ہیں۔جمعرات یا جمعہ کو یہاں جہراً جماعتِ عشاق دلائل الخیرات کی تلاوت کرتے ہیں۔کثرت درود شریف کی برکت سے آپ کی قبر سے کستوری کی خوشبو آتی ہے۔ [1]

کلماتِ شریفہ

☆ اللہ تعالیٰ کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف اور اولیاء اللہ کی زیارت اپنے او پر لازم کرلو، اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ہوتا ہے اور اولیاء اللہ کی زیارت سے اللہ تعالیٰ کا راستہ معلوم ہوتا ہے۔

☆ توبہ کی (قبولیت) کے لئے نو علامات ہیں۔۱۔حسرت۔۲۔ندامت۔۳۔انابت۔۴۔خشوع۔۵۔تواضع۔۶۔عاجزی۔۷۔آیاتِ ذکر پر مداومت۔۸۔تقدیر پر راضی رہنا۔۹۔مولیٰ کریم جل شانہ کے ساتھ حسنِ ظن۔

☆ فجار کی مجالس سے بھاگو جو فجار کی مجلس کرتا ہے اس کا دل سخت ہو جاتا ہے اور جو نیکیوں کی مجلس میں بیٹھتا ہے اس کا دل روشن ہو جاتا ہے اور جس کا دل روشن ہو جاتا ہے اس کی روح منور ہو جاتی ہے۔

☆ علم دواء ہے، جہالت بیماری ہے، علم ولایت ہے، جہل عداوت ہے، علم مؤمنوں کی صفت ہے اور جہالت کافروں کی۔

☆ عوام میں میل جول سے دلوں کا نور اور چہرے کی ہیبت ختم ہو جاتی ہے جو شخص لوگوں میں میل جول میں فوت ہوا قیامت کے دن اس کا چہرہ چاند گرہن کی طرح بے نور ہوگا۔اس لئے عقل مند کو کوشش کرنی چاہئے کہ صالحین میں جو خواص ہیں ان سے میل جول رکھے ان سے میل جول میں تین خصلتیں ہوتی ہیں۔علم حاصل ہوتا ہے۔قلب صاف ہوتا ہے۔سینہ کی صفائی حاصل ہوتی ہے۔

---

[1] علامہ محمد مہدی مطالع المسرات بجلاء دلائل الخیرات۔

☆ دل باغ ہے اذکار اس کے درخت ہیں اسماء کے معانی کی پہچان پانی، کمال، جمال اور جلال کا مشاہدہ، پھل اور حدیث وکمال کی ساعت پھلوں میں پھل ہیں۔

☆ ہر ذکر کے لئے فکر ہے ہر فکر کے لئے نور ہے ہر نور کے لئے سر ہے ہر سر کے لئے عبادت ہے ہر عبادت کے لئے حضور ہے ہر حضور کے لئے شہود (مشاہدہ) ہے ہر شہود کے لئے ہیبت ہے ہر ہیبت کے لئے تعظیم ہے ہر تعظیم کے لئے تنزیہہ ہے ہر تنزیہہ کے لئے تحمید (حمد بیان کرنا) ہر تحمید کے لئے تقریب ہے اور ہر تقریب کے لئے حدیث ہے اور ہر حدیث کے لئے حدیث فہم اور فہم کے لئے لذت ہے اور ہر لذت کے لئے شوق ہے اور جو شخص ان راستوں پر نہ چلا اس کو چاہئے کہ اس کے اہل کی صحبت اختیار کرے۔

☆ کسی شخص نے دریافت کیا کہ وسوسے کس چیز سے آتے ہیں فرمایا شیطان کی طرف سے، شیطان جہالت سے اور جہالت قلتِ علم سے اور قلتِ علم کبر سے اور کبر عجب سے اور عجب ریاست سے اور ریاست طمع سے اور طمع حرص سے اور حرص حب دنیا سے اور دنیا کی محبت لمبی امید سے اور لمبی امید غفلت سے اور غفلت ظلمتِ قلب سے اور ظلمتِ قلب قلتِ ذکر سے اور قلتِ ذکر کم فکر سے اور کم فکر کثرتِ سہو سے اور کثرتِ سہو اہلِ ہوا کی مجلس سے اور اہلِ ہوا کی مجلس حماقت سے اور حماقت قلتِ عقل سے پیدا ہوتی ہے۔

☆ نیز فرماتے ہیں وسواس برے لوگوں کی مجلس سے آتے ہیں۔

تعارف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وسائلُ النجات کا مختصر تعارف

مولانا محمد ظہیر الدین سلمہ اللہ

امام ابوعبداللہ محمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ''دلائل الخیرات''، علمی حلقوں کے لئے بالعموم اور اورادواذ کار کا مطالعہ کرنے والوں کے لئے بالخصوص غیر معروف نہیں، یہ کتاب مختلف درودہائے مبارکہ کا مجموعہ ہے، ایک فصل آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوۃ کی کیفیت پر ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ۲۰۱/اسماء مبارکہ اس کتاب کی زینت ہیں اور ہفتے کے ساتوں دنوں کے لئے الگ الگ درود شریف ہیں، دلائل الخیرات کا پنجابی میں منظوم ترجمہ پیر سید نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۱۹ھ) نے ۱۳۱۳ھ میں مکمل کیا، آپ نے حضرت کعب بن زہیر رضی اللہ عنہ کے مشہور نعتیہ قصیدہ بانت سُعاد کا پنجابی زبان میں منظوم ترجمہ کیا، یہ قصیدۃ البردہ بھی کہلاتا ہے، حضرت کعب بن زہیر بن اسلمی المازنی رضی اللہ عنہ کا شمار عربی زبان کے طبقہ عالی کے شعراء میں ہوتا ہے، وہ نجد کے رہنے والے تھے، کعب نے ظہورِ اسلام کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں (معاذ اللہ) اشعار کہے جب کہ ابھی دائرہ اسلام میں داخل نہیں ہوئے تھے، اوران شعروں میں مسلم خواتین کی تشبیب کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب کا خون مباح کردیا، کعب نے امان طلب کرنے لئے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر، اسلام قبول کیا اور اپنا مشہور قصیدہ لامیہ پڑھا، یہ قصیدہ سن کر حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنے دامانِ عفو میں لے لیا، معاف فرمایا، اور اپنی چادر مبارک عنایت فرمائی، حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے والد زُہیر، ان کے بھائی بجیر، ان کا بیٹا عقبہ اور ان کا پوتا العوام بھی شاعر تھے، اس لحاظ سے یہ پورا خانوادہ ''ایں خانہ ہمہ آفتاب است'' کا مصداق تھا، حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے ۲۶ھ ۶۴۵ء میں وفات پائی۔

ان کا قصیدہ ۵۸ اشعار پر مشتمل ہے۔

حضرت پیر سید محمد نیک عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی فصاحت وبلاغت

